Taxi & Limousine Commission

Industry Notice #18-11
فوری اجراء کے لیے

ایک سال کے لیے گاڑیوں کے نئے FHV لائسنس جاری نہیں کیے جائیں گے

Meera Joshi
کمیشنر/چئیر

Allan J. Fromberg
معاملاتِ عامہ
frombera@tlc.nyc.gov

Rebecca Harshbarger
معاملاتِ عامہ
harshbargerR@tlc.nyc.gov

33 Beaver Street
22nd Floor
New York, NY 10004

آج سہ پہر، نیو یارک سٹی کاؤنسل نے ٹیکسیوں اور کرائے والی گاڑیوں پر لاگو مقامی قوانین کی تبدیلیوں کی منظوری دی۔ آنے والے دنوں میں ان نئے قوانین کے متعلق اور ان کا TLC لائسنسز پر کیا اثر پڑے گا اس کے متعلق ہم مزید معلومات شیئر کریں گے۔ تاہم، ہم ایک تبدیلی کے متعلق معلومات فوراً شیئر کرنا چاہتے تھے جو کہ میئر کے قوانین پر دستخط کرنے کی صورت میں لاگو ہو جائے گی۔

جب یہ قانون موثر ہو گا، تو گاڑیوں کے نئے FHV لائسنس صرف ان گاڑیوں کو جاری کیے جائیں گے جو وہیل چیئرز کے ساتھ قابلِ رسائی ہوں۔ اگر آپ اس وقت FHV لائسنس کے حامل ہیں تو اس تبدیلی کا آپ پر کوئی اثر نہیں ہو گا۔ مزید برآں، اس تبدیلی کا FHV گاڑیوں کے لیے دی گئی ان نئی درخواستوں پر اطلاق نہیں ہو گا جو کہ ان قوانین کے مؤثر ہونے سے پہلے دی گئیں تھیں۔

مزید جاننے کے لیے کہ یہ تبدیلی کس طرح TLC لائسنس داروں پر اثر انداز ہوتی ہے ذیل میں ملاحظہ کیجیے:

- کیا آپ TLC لائسنس کے حامل ڈرائیور ہیں؟ یہ تبدیلی آپ کے ڈرائیونگ لائسنس پر اثر انداز نہیں ہوتی۔ یہ تبدیلی صرف FHV گاڑیوں کے نئے لائسنسز کے لیے دی گئی درخواستوں پر اثر انداز ہوتی ہے۔
- کیا آپ نئے TLC ڈرائیونگ لائسنس کے لیے درخواست دے رہے ہیں؟ یہ تبدیلی آپ پر اثر انداز نہیں ہوتی۔ TLC ڈرائیونگ لائسنسز کی درخواستیں لینا اور ان کی منظوری دینا جاری رکھے گی۔
- کیا آپ کے پاس TLC لائسنس کی حامل FHV گاڑی ہے؟ یہ تبدیلی آپ کی گاڑی کے لائسنس پر اثر انداز نہیں ہوتی۔ آپ اپنے لائسنس کی تجدید کروا سکتے ہیں اور اپنی کار کی جگہ کوئی بھی ایسی گاڑی لے سکتے ہیں جو کہ ہماری گاڑیوں کے مطلوبہ معیار کی شرائط پوری کرتی ہو۔ یہ تبدیلی صرف اُن پر اثر پذیر ہو گی جو کہ ان قوانین کے اجراء کے بعد FHV گاڑی کے نئے لائسنس کے لیے درخواست دیں گے۔
- کیا آپ نے نئے FHV ڈرائیونگ لائسنس کے لیے پہلے سے درخواست دے رکھی ہے؟ یہ تبدیلی آپ کی درخواست پر اثر انداز نہیں ہوتی۔ TLC آپ کی درخواست کا جائزہ لے گا اور اگر آپ گاڑیوں کی لائسنس کاری کے معیار کے مطلوبہ تقاضے پورے کرتے ہیں تو آپ کو لائسنس جاری کر دے گا۔
- کیا آپ ان قوانین کے لاگو ہونے کے بعد نئے FHV گاڑی کے لائسنس کے لیے درخواست دینا چاہتے ہیں؟ اگر آپ کی گاڑی وہیل چیئر سے قابلِ رسائی ہے تو آپ درخواست دے سکتے ہیں اور گاڑی کا نیا FHV لائسنس حاصل کر سکتے ہیں۔
- کیا آپ گاڑی کے نئے FHV لائسنس کے لیے درخواست دے کر ایسی گاڑی استعمال کرنا چاہتے ہیں جو وہیل چیئر سے قابلِ رسائی نہیں؟ آپ کو لازماً ان قوانین کے لاگو ہونے سے قبل درخواست دینی چاہیے۔ درخوست پر عمل درآمد شروع کرنے کے لیے، آپ کے اڈے کو ان قوانین کے نفاذ سے پہلے اڈے کی طرف سے توثیق پیش کر دینی چاہیے۔ ایسی گاڑیاں جو وہیل چیئر سے قابلِ رسائی نہیں ان کے لیے جاری کی گئی اڈے کی توثیقات ان قوانین کے نفاذ کے بعد قبول نہیں کی جائیں گی۔
- کیا آپ کے پاس پیلی ٹیکسی، کمیوٹر وین یا نقل مکانی کرنے والی گاڑی ہے؟ یہ تبدیلی آپ کی گاڑی کے لائسنس پر اثر انداز نہیں ہوتی۔ یہ تبدیلی صرف FHV گاڑیوں کے نئے لائسنسز کے لیے دی گئی درخواستوں پر اثر انداز ہوتی ہے۔